Maulana Azad National Urdu University

Master of Social Work, I Semester Examination - December - 2019

Paper : MMSW101CCT : Introduction to Social Work

پرچہ : سوشل ورک کا تعارف

Time : 3 hrs **Marks : 70**

ہدایات:

یہ پرچۂ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. **حصہ اول** میں **10** لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ **(10 x 1 = 10 Marks)**
2. **حصہ دوم** میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو **(200)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **6** نمبرات مختص ہیں۔ **(5 x 6 = 30 Marks)**
3. **حصہ سوم** میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو **(500)** لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے **10** نمبرات مختص ہیں۔ **(3 x 10 = 30 Marks)**

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) مندرجہ ذیل میں سے کون سوشل ورک کی پیشہ ورانہ بنیاد کی تشریح نہیں کرتا ہے؟

(a) خصوصی علم کی بنیاد (b) خصوصی مہارتوں کی بنیاد (c) خصوصی اقدار کی بنیاد (d) خصوصی روزگار کی بنیاد

(ii) سماجی خدمات کے منظّم نظام سے مراد ہے۔

(a) سوشل ورک سے (b) سوشل ویلفیئر سے (c) سماجی خدمات سے (d) سماجی اصلاح سے

(iii) "Social Work : An Empowering Profession" کتاب کے مصنفین کون ہیں؟

(a) موریلس اور شیفر (Morales & Sheafor) (b) ڈیوبوئس اور ملے (DuBois & Miley)

(c) اسکڈ مور اور دیگر (Sidmore & Others) (d) فریڈلنڈر اور دیگر (Friedlander & Others)

(iv) ''کمزور صلاحیتوں کی بحالی'' (Restoration of impaired capacities) نامی فنکشن کس سے منسلک ہے؟

(a) موریلس اور شیفر (Morales & Sheafor) (b) ڈیوبوئس اور ملے (DuBois & Miley)

(c) اسکڈ مور اور دیگر (Sidmore & Others) (d) فریڈلنڈر اور دیگر (Friedlander & Others)

(v) ہندوستان میں سوشل ورک کی پیشہ ورانہ تعلیم کا آغاز کس سال میں عمل پذیر ہوا؟

(vi) "Letters to fellow workers" کس سے منسلک ہے؟

(a) میری رچمنڈ (Mary Richmond) (b) اوکیٹویا ہل (Octavia Hill)

(c) کلفورڈ منشارڈ (Clifford Manshardt) (d) باربرا سولومن (Barbara Soloman)

P.T.O

(vii) "International Social Work" نامی رسالہ کس ادارے سے شائع ہوتا ہے؟

(viii) سوشل ورکر کو کلائنٹ کی ذاتی شناختوں سے پرے اسے اس کی پریشانی کا سبب دیکھنا چاہیے۔ یہ بات واضح ہوتی ہے۔

(a) انفرادیت سازی کے اصول سے (Principles of Individualization)

(b) قبول کرنے کے اصول سے (Principle of Acceptance)

(c) معروضیت کے اصول سے (Principle of Objectivity)

(d) رائے زنی نہ کرنے والے رویے کے اصول سے (Principle of Nonjudgemental Attitude)

(ix) برہموسماج اور علی گڑھ تحریک کے بانی ہیں؟.................................... اور ....

(x) ذیل میں دیے گئے ماہرین اور ان کے نظریات کو صحیح ترتیب دیں۔

(a) جم ایفے — 1. انسانی حقوق

(b) میری رچمنڈ — 2. تنقیدی شعوری عمل

(c) پاؤلو فریرے — 3. تھراپیوٹک نظریہ

(d) لیناڈومینیلی — 4. انقلابی نظریہ

	a.	b.	c.	d.
(A)	1	2	3	4
(B)	3	4	1	2
(C)	1	3	2	4
(D)	3	1	4	2

حصہ دوم

(2) سوشل ورک کے تصور اور مقاصد پر نوٹ لکھیں

(3) سوشل ورک کے افعال کو مثال کے ساتھ بیان کریں۔

(4) سوشل ورک میں اخلاقی ذمے داری کی اہمیت کو اپنے فیلڈ ورک کے تجربات کی روشنی میں واضح کریں۔

(5) امریکہ میں سوشل ورک کے ارتقا کا تنقیدی جائزہ پیش کریں۔

(6) سوشل ورک کے انفرادیت سازی کے اصول کو مثال کے ساتھ واضح کریں۔

(7) سسٹم نظریہ کی تعریف بیان کریں۔

(8) سوشل ورک پیشے کے بنیادی عناصر کا تنقیدی تجزیہ پیش کریں۔

(9) سماجی اصلاحی تحریکات کی سمجھ سوشل ورک پیشہ واروں کے لیے کیوں اہم ہے؟ کسی ایک اصلاحی تحریک کے حوالے سے واضح کریں۔

حصہ سوم

(10) پیشہ ورانہ اقدار پیشہ وارانہ رویے اور برتاؤ کو صحیح سمت دیتے ہیں۔ اپنے فیلڈ ورک کے تجربات کی روشنی میں سوشل ورک کی پیشہ ورانہ اقدار کی وضاحت کریں۔

(11) انگلینڈ اور ہندوستان میں سوشل ورک پیشہ کے آغاز وارتقا پر نوٹ لکھیں۔

(12) سوشل ورک پیشے سے متعلق گرین ووڈ کے طرز استدلال کا تنقیدی تجزیہ کریں۔

(13) تھیراپیوٹک اپروچ کو مثالوں کے ساتھ بیان کریں۔

(14) دلت تحریک پر ایک نوٹ لکھیں۔

☆☆☆